مصافحہ کا صحیح طریقہ

(محمد ہادی بخش صدیقی)

بخاری شریف عربی مطبوعہ ''نور محمد اصح المطابع کراچی پاکستان'' ص ۹۲۶، ج ۲، میں باب المصافحہ سے متصلاً ایک باب ہے۔ ''باب الاخذ بالیدین'' اس باب میں امام بخاری علیہ الرحمہ نے ایک تعلیق اور ایک مرفوع حدیث تحریر فرمائی ہے۔ تعلیق کی عبارت یہ ہے:

و صافح حمادُ بن زيد ابن المبارک بيديه.

ترجمہ: حضرت حماد بن زید علیہ الرحمۃ نے حضرت عبداللہ بن مبارک سے اپنے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کیا۔

اس تعلیق کے بعد امام بخاری علیہ الرحمہ نے مرفوع حدیث تحریر فرمائی۔ اس کی مختصر عبارت درج ذیل ہے۔

قال سمعت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه يقول عَلَّمَنی النبی صلی اللہ عليه وسلم و كفّی بين كَفَّيْه التشهّد.

ترجمہ: یعنی حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے التحیات کی اس حال میں تعلیم دی کہ میری ہتھیلی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان تھی۔

جاننا چاہئے کہ حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ نے اس حدیث مبارک اور درج بالا تعلیق کے اثر سے اس بات کا صریحاً استدلال فرمایا کہ مصافحہ میں دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فعل مبارک نیز بڑے بڑے جید وثقہ ومعتمد علیہ محدثین ومحققین کا عمل ہے۔

جاننا چاہئے کہ العرف الشذی حاشیہ الجامع للترمذی باب المصافحہ میں ہے کہ

فَبِيَدٍ وّاحدة تجزی و باليدين اكمل.

یعنی ایک ہاتھ سے مصافحہ کرنا اتباع سنت کے لئے کافی ہے اور دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا سنت کا کامل ترین طریقہ ہے۔

درمختار، ص ۳۳۶، ج ۵ میں ہے۔

کیا آپ کو معلوم ہے کہ : ☆ قانونِ شریعت ہی کا دوسرا نام فقہِ اسلامی ہے ☆

و فی القنیة : السنة فی المصافحة بکلتا یدیه.

یعنی مصافحہ کا مسنون طریقہ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا ہے۔ اسی طرح شامی اسی صفحہ میں ہے۔

والسنة ان تکون بکلتا یدیه.

یعنی مسنون دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا ہے۔

عالمگیری کتاب الکراہیۃ باب ۲۸، ص ۳۶۹، ج ۵ میں ہے۔

و تجوز المصافحة والسنة فیها ان یضع یدیه علی یدیه من غیر حائل من ثوب او غیره. کذا فی خزانة الفتاویٰ.

یعنی شرعاً مصافحہ کرنا جائز ہے، اور اس کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ دوسرے آدمی کے دونوں ہاتھوں میں بغیر کسی کپڑے وغیرہ کی آڑ کے رکھے۔ خزانۃ الفتاویٰ میں بھی اسی طرح ہے۔

ان تمام عبارتوں سے بخوبی واضح ہوا کہ مصافحہ کا کامل ترین طریقہ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا ہے، باقی اگر کوئی شخص ایک ہاتھ سے بھی مصافحہ کرے تو گنہگار یا قابل مؤاخذہ وغیرہ نہ ہوگا۔

ایک عوامی اسلامی پرچہ .... دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ کے سابق طلبہ کا ترجمان

ماہنامہ کاروانِ قمر کراچی

قرآن و سنت، فقہ و تصوف اور تاریخ و سوانح کے علاوہ

متنوع اسلامی عنوانات پر ہر ماہ عمدہ مضامین پیش کرتا ہے۔

زیرِ ادارت

علامہ محمد صحبت خان کوہاٹی .... ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

مقامِ اشاعت : دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ پنجاب کالونی کراچی